# Sample Question Paper

**Class X 2021-22**

**Course -A** **Code-003**

Time: 120 minute **Subject-Urdu** Maximum Marks 40

SECOND TERM

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ہر حصہ میں موجود ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے۔

**Part A (10Marks)**

**حصہ الف**

سوال نمبر۔1۔

**مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کا انتخاب کیجئے اور اس میں موجود سوالوں کے جواب لکھئے۔**

**(5×1 =5)**

**(الف)**

اس زمانے کے سب سے مشہور غزل گو میر تقی میر ہیں جو آگرہ کے رہنے والے تھے ان کے باپ جو میر علی متقی کے نام سے مشہور تھے۔صوفی قسم کے آدمی تھے نہ انھیں گھر کی زیادہ فکر تھی نہ میر تقی میر کی۔اس پر غضب یہ ہوا کہ ابھی میر کی عمر گیارہ بارہ سال کی تھی باپ اس دنیا سے سدھار گئے۔میر کے سوتیلے بھائیوں نے انھیں بہت تکلیف دی،اس کا ذکر انھوں نے اپنی فارسی سوانح عمری "ذکر میر میں بڑے دردناک ڈھنگ سے کیا ہے۔اسی حالت میں آگرہ سے دلی چلے گئے۔وہاں تکلیفیں جھیلتے رہے،طرح طرح کی نوکریاں کرتے رہے،درمیان میں کچھ دنوں کے لئے دماغ پر بھی اثر ہو گیا تھا۔پریشانی کی انتہا نہیں رہ گئی تھی۔ایک طرف دلی کی حالت خراب تھی،دوسری طرف خود میر کی۔انھوں نے اس کا سارا کڑواپن اپنی غزلوں میں بھر دیا۔

1۔ میر تقی میر کس صنف شاعری کے لئے مشہور ہیں ؟

2۔ میر تقی میر کے والد کس طرح کے آدمی تھے ؟

3۔ میر کی عمر اس وقت کیا تھی جب انکے والد کا انتقال ہوا؟

4۔ میر کے سوتیلے بھائیوں نے انکے ساتھ کیسا سلوک کیا تھا؟

5۔ میر کی فارسی سوانح عمری کا نام کیا ہے ؟

**(ب)**

کس قدر ٹھیک یہ کہاوت ہے      تندرستی ہزار نعمت ہے

زندگی کا مزا اسی میں ہے      آدمی کا بھلا اسی میں ہے

تندرستی نہ ہو تو آفت آئے      ہر خوشی جائے جان پر بن جائے

وقت بے وقت منہ نہ جھٹلاو      وقت پر کھاو بھوک میں کھاو

یہی بچوں کی ہے خدا سے دعا      تندرستی کی زندگی ہو عطا

1۔ تندرستی کو کس چیز سے تعبیر کیا گیا ہے؟

2۔ زندگی کا مزا کس چیز سے حاصل ہوتا ہے؟

3۔ تندرستی نہ ہونے پر کیا چیز آتی ہے؟

4۔ آدمی کو کب کھانا کھانا چاہیئے؟

5۔ بچوں نے خدا سے کس چیز کی دعا مانگی؟

سوال نمبر 2۔

**مندرجہ ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کا انتخاب کیجئے اور اس میں موجود سوالوں کے جواب لکھئے۔ (5×1 =5)**

**(الف)**

رضیہ سلطان ہندوستان کی پہلی ملکہ تھی جو دلی کے تخت پر بیٹھی۔ وہ دہلی کے بادشاہ التتمش کی بیٹی تھی۔ اپنے بہن بھائیوں میں رضیہ سب سے زیادہ ذہین، محنتی اور ہوشیار تھی۔ باپ نے اپنی زندگی ہی میں اسے اپنا جانشین مقرر کر دیا۔ وہ جانتا تھا کہ بیٹے عیش پسند ہیں، بیٹی کے علاوہ کوئی اور حکومت چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اس نے اپنے آخری دنوں میں چاندی کے سکے پر رضیہ کا نام بھی شامل کر لیا تھا۔۔۔۔۔۔ التتمش کی وفات کے بعد دربار میں وزیر نے جب بادشاہ کی وصیت پڑھ کر سنائی تو ترک امیروں نے یہ پسند نہیں کیا کہ ایک عورت دلی کے تخت و تاج کی مالک ہو۔ رضیہ نے دیکھا تو امیروں سے کہا: "میرے عورت ہونے پر اعتراض ہے تو میں امن کی خاطر اپنے بھائی رکن الدین کا نام پیش کرتی ہوں۔ آو ہم سب مل کر اس سے وفاداری کا عہد کریں۔"

1۔ دلی کے تخت پر بیٹھنے والی پہلی ملکہ کون تھی؟

2۔ رضیہ سلطان کس کی بیٹی تھی؟

3۔ دہلی کے بادشاہ التمش نے اپنا جانشیں کسے مقرر کیا تھا؟

4۔ رضیہ سلطان نے اپنی جگہ جانشینی کے لئے کس کا نام پیش کیا تھا؟

5۔ التمش کی وفات پر جب وزیر نے بادشاہ کی وصیت پڑھ کر سنائی تو کن لوگوں نے اسے پسند نہیں کیا؟

**(ب)**

کوئی امید بر نہیں آتی　　کوئی صورت نظر نہیں آتی

موت کا ایک دن متعین ہے　　نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی　　اب کسی بات پر نہیں آتی

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں　　ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

کعبے کس منہ سے جاوگے غالب　　شرم تم کو مگر نہیں آتی

1۔ اس غزل کا مطلع لکھئے۔

2۔ 'امید بر نہ آنا" سے کیا مراد ہے؟

3۔ شاعر کو کیوں رات بھر نیند نہیں آتی؟

4۔ "آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی" اس مصرعے میں آگے کے معنی کیا ہیں؟

5۔ اس غزل میں مقطع کا کون سا شعر ہے؟

## Part -B (18Marks)

### حصہ ب

**مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چھ (6) کے جواب اردو میں تحریر کیجئے سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔**

**(6×3 = 18)**

سوال نمبر 3۔ اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 4۔ درج ذیل محاوروں کے معنی بتایئے اور ان کا جملوں میں استعمال بھی کیجئے۔

کھوپڑی میں نہ سمانا،　　آب آب ہونا،　　آنکھ کا تارا ہونا

سوال نمبر5۔ مقطع کسے کہتے ہیں؟مثال بھی دیجئے۔

سوال نمبر6۔ اقبال کی نظم نگاری کی خوبیاں اختصار کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر7۔ ساحر لدھیانوی کا مختصر تعارف پیش کیجئے۔

سوال نمبر8۔ اردو کے تین مشہور نظم نگار شاعروں کے نام لکھئے۔

سوال نمبر9۔ ترجمہ نگاری کیا ہے؟ایک اچھے ترجمہ نگار کو کن کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے۔

سوال نمبر10۔ کہانی "اونتی"میں " آسمان میں کتنے تارے ہیں؟"اس سوال کا اونتی نے کیا جواب دیا تھا؟

سوال نمبر11۔ اونتی نے زمین کا مرکز کہاں بتایا تھا؟

سوال نمبر12۔ سعادت علی کو انگریز افسروں نے اودھ کے تخت پر کیوں بٹھایا تھا؟

## Part -C (12Marks)

## حصہ ج

**مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چھ (6) کے جواب اردو میں تحریر کیجئے۔ سوالوں کے نمبر مساوی ہیں ۔ 12=2×6**

سوال نمبر13۔ رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

سوال نمبر14۔ نظم "اے شریف انسانو!" کس شاعر کی تخلیق ہے؟

سوال نمبر15۔ ترقی پسند تحریک کا آغاز کس سنہ میں ہوا؟

سوال نمبر16۔ گلی ڈنڈا کس کا افسانہ ہے؟

سوال نمبر17۔ رتن سنگھ کس صنف کے لئے مشہور ہیں؟

سوال نمبر18۔ کاٹھ کا گھوڑا کس کا افسانہ ہے؟

سوال نمبر19۔ گدڑی کا لال کس کا خاکہ ہے؟

سوال نمبر20۔ "پہاڑ اور گلہری" نظم میں گلہری وہ کون سا کام کرسکتی ہے جو پہاڑ کے بس کا نہیں ہے؟

سوال نمبر21۔ پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟

سوال نمبر22۔ مرزا غالب کے خطوط کے مجموعوں کا نام لکھئے۔